# 69820 ـ امتحانات میں نقل کر کے سند کردہ حاصل سے تنخواہ لینے کا حکم

**سوال**

ايك شخص علمی سند كی بنا پر ملازمت كر رہا ہے، اس نے امتحانات میں نقل كر كے سند حاصل كی تھی، اور اس وقت وہ اپنے كام میں ماہر ہے اس كی تنخواہ كا حكم كیا ہے حلال ہو گی یا حرام ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ان شاء اللہ اس میں كوئی حرج نہیں، اس نے امتحانات میں جو نقل كی تھی اس پر توبہ كرنی چاہیے، اور اگر وہ ملازمت میں اپنی ڈیوٹی اسی طرح كر رہا ہے جس طرح حق ہے اور مہارت سے كام كرتا ہے تو اس كی كمائی میں كوئی حرج نہیں؛ لیكن اس نے دھوكہ و فراڈ اور نقل كرنے كی غلطی كی ہے، اسے اس كام سے اللہ تعالی كے ہاں توبہ كرنی چاہیے " انتہی.